Book Info

Subject	Islamic Education in Urdu Language
Title	Meri Islamyat ki Kitab for Prep
Author:	Miss Shumaila Shaukat Miss Rahat Ibraheem
Pages:	16
Size:	18 c.m. X 23.50 c.m.
Binding:	Cardboard
Printing:	4 Colour
Ist Edition:	2013
Latest Edition:	2013
ISBN:	978-969-584-104-4
Price:	Rs. 50.00

میری
اِسلامیات کی کِتاب

پریپ جماعت کے لیے

مس شائلہ شوکت
مس راحت ابراہیم

BOOK CENTRE

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

میرا نام ______________________ ہے۔

اب میں **پریپ جماعت** میں ہوں۔

یہ **میری اسلامیات کی کتاب** ہے۔

آیئے دیکھیں! اِس کتاب میں کون سا سبق کِس صفحے پر ہے۔

سبق		صفحہ نمبر
1-	اللہ تعالیٰ	3
2-	ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم	4
3-	فرشتے	5
4-	آسمانی کتابیں	6
5-	اسلام کے ارکان	7
6-	کلمۂ شہادت	8
7-	اذان	9
8-	کھانے کے آداب	10
9-	وعدہ	11
10-	اچھی باتیں	12
11-	اَلسّلامُ عَلَیکُم	13
12-	مسنون دعائیں	14
13-	قرآنی معلومات	15

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عرب کے مشہور شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ 12 ربیع الاول کو پیر کے دن پیدا ہوئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا اور والدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر قُرآن مجید نازل کیا۔ وِصال کے وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر 63 برس تھی۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کا روضہ مبارک مدینہ منورہ میں ہے۔

س: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ کا نام کیا ہے؟

ج: ہمارے پیارے نبیؐ کا نام حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔

س: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ 12 ربیع الاول کو شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

س: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے کون سے نبی ہیں؟

ج: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔

س: وِصال کے وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر کتنی تھی؟

ج: وِصال کے وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر 63 سال تھی۔

ناظرہ:	اَلرَّحۡمٰنُ	اَلرَّحِیۡمِ	اَلۡمُقۡسِطُ
	بڑا مہربان	نہایت رحم والا	انصاف کرنے والا

کلمۂ شہادت

اسلام کا دوسرا کلمہ **کلمۂ شہادت** ہے۔

شہادت کے معنی گواہی دینے کے ہیں۔کلمۂ شہادت یہ ہے:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ط

ترجمہ: "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔"

س: دوسرے کلمے کا کیا نام ہے؟

ج: دوسرے کلمے کا نام کلمۂ شہادت ہے۔

س: شہادت کے کیا معنی ہیں؟

ج: شہادت کے معنی گواہی دینے کے ہیں۔

س: کلمۂ شہادت پڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور ثواب دیتا ہے۔

ناظرہ:	اَلْعَظِيْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ
	بزرگ	بخشنے والا	بہت ثواب دینے والا

مسنون دُعائیں

س: کھانا کھانے سے پہلے کی دُعا۔

ج: بِسْمِ اللّٰہِ وَ عَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ ط

س: کھانا کھانے کے بعد کی دُعا۔

ج: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیۤ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

س: دودھ پینے کے بعد کی دُعا۔

ج: اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَ زِدْنَا مِنْہُ ط

س: سونے سے پہلے کی دُعا۔

ج: اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْیٰی ط

س: سوکر اُٹھنے کے بعد کی دُعا۔

ج: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَیْہِ النُّشُوْرُ ط

س: سیڑھیاں چڑھتے وقت کی دُعا۔

ج: اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

س: سیڑھیاں اترتے وقت کی دُعا۔

ج: سُبْحَانَ اللّٰہِ ط